خالد محمود مدظلہٗ کے مقدمہ سے مزیّن ہے۔ اختلافی مباحث میں آپ کا قلم غایت درجہ احتیاط واعتدال سے چلتا ہے۔ کسی کی دل آزاری کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا جو کہ تقابل ادیان کے موضوع سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے عمدہ نمونہ اور قابل تقلید ہے۔

● کتاب: حدیث ثقلین مصنف: مولانا محمد نافع مدظلہٗ ناشر: دارالکتاب غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور قیمت: ۶۰ روپے

حضور ﷺ کا ایک فرمان ہے **تَرَکْتُ فِیْکُمْ اَمْرَیْنِ لَنْ تَضِلُّوْا مَاتَمسکتُمْ بھما کتاب اللّٰہ وسنۃ نبیّہٖ** (مؤطا امام مالک) ترجمہ: میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جارہا ہوں جب تک کہ تم ان کا سہارا لیتے رہوگے ہرگز گمراہ نہ ہوگے۔ (۱) اللہ کی کتاب (۲) اس کے نبی کی سنت۔ سنی وہ شیعہ دونوں فرقوں کی کتابوں میں بعض روایات میں اہل بیتی آیا ہے۔ شیعہ حضرات ان روایات سے اہل بیت کی عظمت اور ان کا واجب الاتباع ہونا ثابت کرتے ہیں۔

استاذ مکرم مولانا محمد نافع مدفیوضھم نے اس کتاب کے دو حصے کیے ہیں۔ پہلے حصہ میں اہل بیت والی روایات کی اسناد پر فریقین کی اسماء الرجال کی کتابوں کی روشنی میں مدلّل بحث کی ہے۔ اور ان روایات کے راویوں کا ضعیف ہونا واضح فرمایا ہے۔ دوسرے حصہ میں یہ ثابت کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور حضور ﷺ کے علاوہ کوئی واجب الاتباع نہیں ہے۔ حدیث غدیر کے تنقیدی جائزہ کے ضمن میں عقیدۂ امامت پر بھی مختصراً وجامع کلام موجود ہے۔

کتاب کی ابتداء میں محترم علامہ ڈاکٹر خالد محمود؛ استاذ العلماء، مناظر اسلام مولانا سید احمد شاہ صاحب چوکیروی مرحوم کی تقریظات بھی درج ہیں۔

● کتاب: حضرت ابوسفیانؓ اور ان کی اہلیہؓ مصنف: مولانا محمد نافع مدظلہٗ

ناشر: دارالکتاب غزنی سٹریٹ اردو بازار۔ لاہور قیمت: ۱۰۰ روپے

حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ اور ان کی اہلیہ حضرت ہند بنت عتبہ رضی اللہ عنہا اسلام کے ابتدائی دور سے لے کر فتح مکہ تک حضور ﷺ اور مسلمانوں کے شدید مخالفوں میں سے تھے، فتح مکہ کے موقع پر مشرف باسلام ہوئے اور اسلام لانے کے بعد دین اسلام کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں۔

بٹی ام المومنین غزوہ حنین میں آپ کی آنکھ بھی شہید ہوئی۔ آپ کے فرزندِ ارجمند، خلیفۂ راشد امیر المومنین سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کی بھی طویل خدمات ہیں۔ آپ کی بیٹی اُم المومنین سیدہ ام حبیبہ حرم نبوی ﷺ میں تھیں۔ لیکن بڑے دکھ سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ اسلام کی خاطر اس خانوادہ کی اہم خدمات اور حضور ﷺ کے ان پر اعتماد فرمانے کے باوجود بعض نام نہاد محققین اور ان کے پیروکاروں کا ان حضرات پر عدم اعتماد؟ ''ناطقہ سربگریباں ہے اسے کیا کہیے''

والی صورتحال ہے۔ افسوس یہ ہے کہ بعض محققین تو بزعم خود اچھے مسلمان ہیں لیکن حضور اکرم ﷺ سے قریبی تعلق رکھنے والوں کو ان کی خدمات کے باوجود مسلمان سمجھنے کے لیے بھی تیار نہیں ہیں۔ العیاذ باللہ

فاصل مصنف دامت برکاتہم مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے حضرت ابوسفیان اور ان کی اہلیہ سیدہ ہند، بیٹے سیدنا یزید بن ابی سفیانؓ اور بیٹی اُم المومنین سیدہ ام حبیبہ رملہ رضی اللہ عنہا کے حالات بھی مختصر طور پر ذکر کیے ہیں اور ان پر وارد ہونے والے اعتراضات کے مدلل جوابات دیئے ہیں۔ **فجزاہ اللّٰہ تعالیٰ احسن الجزاء**